رکوع کی دعائیں

١- «سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ» تین مرتبہ "پاک ہے میرا رب عظمت والا" (ابوداود وترمذی)

٢- «سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي» "پاک ہے تو اے اللہ ہمارے پروردگار اور اپنی تعریف کے ساتھ اے اللہ مجھے بخش دے۔ (بخاری ومسلم)

٣- «سُبُّوحٌ، قُدُّوسٌ، رَبُّ الْمَلاَئِكَةِ وَالرُّوحِ» "بہت پاکیزگی والا بہت مقدس ہے فرشتوں اور روح کا رب"۔(مسلم)

٤- «اللهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، خَشَعَ لَكَ سَمْعِي، وَبَصَرِي، وَمُخِّي، وَعَظْمِي، وَعَصَبِي، وما اسْتَقَلَّتْ بِهِ قَدَمِي »

"اے اللہ میں تیرے ہی لئے جھکا، تجھی پر ایمان لایا، تیرا ہی فرمانبردار بنا تیرے ہی لئے ڈر کر عاجز ہوگئے میرے کان، میری آنکھیں، میرا مغز، میری ہڈیاں، میرے پٹھے اور وہ جسم جسے میرے قدم اٹھائے ہوئے ہیں" (مسلم)

٥- «سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ» "پاک ہے بہت بڑے جبر اور بہت بڑے ملک والا اور بڑائی اور عظمت والا" (ابوداود)